**مورخہ 07-08-2023**

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | صوبے کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کے لئے کوشاں ہیں، گورنر بلوچستان | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | تربت تفریح کے لئے جانے والی 7 سہیلیاں ندی میں ڈوب کر جاں بحق، وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو کا اظہار افسوس | مشرق ودیگراخبارات |
| 03 | منصوبوں میں پہلی بار عوام کی نگرانی کو یقینی بنایا، عبدالخالق ہزارہ | مشرق ودیگراخبارات |
| 04 | حکمرانوں کو بلوچستان کے وسائل کی ضرورت ہے عوام کی نہیں، اسد بلوچ | جنگ ودیگراخبارات |
| 05 | اجتماعی منصوبوں کی تکمیل سے خوشحالی کے نئے دور کا آغاز ہوگا، نور محمد دمڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | کوئٹہ ومضافات میں گیس پریشر کا مسئلہ حل کیا جائے، بلوچستان ہائی کورٹ | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | ایران سے مکران کو بجلی کی فراہمی معطل | مشرق ودیگراخبارات |
| 08 | بلوچستان اسمبلی کو آئندہ ہفتے تحلیل ہو جائے گی، | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | سیلاب زدگان حکومت سمیت تمام طبقات کی معاونت اور سرپرستی کے حقدار ہیں، وفاقی ٹیکس محتسب | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | عوام کو مفت اور فوری انصاف فراہم کرنے کیلئے عملی جدوجہد کی جارہی ہے، صوبائی محتسب | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | اقوام متحدہ کشمیریوں پر مظالم بند کرائے، ڈی سی جھل مگسی | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | بلوچستان عوام کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کی اجازت نہیں دینگے، بی این پی | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | گوادر کے نام پر پنجاب میں یونیورسٹی کے قیام کا فیصلہ واپس لیا جائے، چنگیز جمالی | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | بلوچستان سے سوتیلی ماں والا سلوک بند کیا جائے، جماعت اسلامی | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | رہنماؤں کے گھروں پر حملہ انتہائی بزدلانہ فعل ہے، نیشنل پارٹی | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | حقوق کی جدوجہد تیز اور عوام کو مشکل حالات سے نجات دلائیں گے، پشتونخواہ میپ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | مردم شماری کے جاری اعداد وشمار میں بلوچستان کی آبادی کم کرنا قبول نہیں، عبدالقادر بلوچ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان

تربت کلگ ندی میں پکنک منانے والی 7 طالبات ڈوب کر جاں بحق، اشتعال انگیز تقریر پر پی ٹی آئی کوئٹہ کا صدر بیٹوں سمیت گرفتار، ایرانی فورسز نے مزید 114 پاکستانی باشندوں کو گرفتار کرلیا، نوشکی لیویز رسالدار کی کامیاب کارروائی دو پک اپ گاڑیوں سے 35 بوری چینی برآمد، تربت ٹیچر کے قتل کا مقدمہ درج تفتیشی ٹیم تشکیل،

مورخہ 07-08-2023

## عوامی مسائل

زندگی بچانے والی 70 سے زائد ادویات مارکیٹ سے غائب، مریضوں کو مشکلات کا سامنا، نئے پراپرٹی ٹیکسز کے باعث رئیل اسٹیٹ کا کاروبار رک گیا، ڈیلز پریشان، قلعہ سیف اللہ چوری و بدامنی کی وارداتیں عام پولیس کارروائی سے گریزاں، کوئٹہ میں آٹا اور ٹماٹر کی قیمت 150 روپے فی کلو ہوگئی،

## اداریہ :

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے " **بلوچستان کی آبادی، وسائل اور مسائل!!** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ مشترکہ مفادات کونسل نے ساتویں قومی مردم شماری کے نتائج کی باضابطہ طور پر منظوری دے دی ہے، اب انتخابات نئی مردم شماری کے نتائج پر ہوں گے اس بابت ہم نے بلوچستان نیوز کے صفحات پر گزشتہ روز تفصیلات بات کی تھی پاکستان کے ساتویں ڈیجیٹل خانہ و مردم شماری کے حتمی اعداد و شمار کے مطابق پاکستان کی کل آبادی 241.49 ملین ہے اور آبادی میں اضافے کی شرح 2.55 فیصد ہے، صوبہ پنجاب کی کل آبادی 127.68 ملین ہے جبکہ صوبہ سندھ کی کل آبادی 55.69 ملین اور خیبر پختونخواہ کی کل آبادی 40.85 ملین ہے، بلوچستان کی کل آبادی 14.89 ملین ہے ترجمان ادارہ شماریات نے کہا ہے کہ ساتویں خانہ و مردم شماری میں بروقت مانیٹرنگ، شفافیت اعداد و شمار کے معیار اور مکمل کوریج کو یقینی بنانے کے لئے جغرافیائی معلوماتی نظام کا استعمال کیا گیا اور پورے پاکستان کے گوگل کی طرز پر ڈیجیٹل نقشے بنائے گئے اور اس پر ہر گھر، سکول، فیکٹری، دفتر، دوکان، ہسپتال وغیرہ کو جیو ٹیگ کیا گیا فیلڈ آپریشن کے ڈیجیٹل طریقہ کار، اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت آگہی کے لئے پرنٹ الیکٹرانک، سوشل میڈیا کی شمولیت نے ڈیجیٹل مردم شماری کے کامیاب انعقاد کو یقینی بنایا گیا،

## اداریے:

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**سرکاری اداروں میں احتساب شفافیت کی پاسداری لازمی ھے**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Missing civic sense" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**بلوچستان کھیلوں کے میدان اور ہماری ترجیحات**" کے عنوان سے ظفر اللہ کا مضمون شائع کیا۔

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے "**ایک لیڈر کو گرانے کی بھاری قیمت**" کے عنوان سے انور ساجدی کا افکار پریشان تحریر کیا۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 07 AUG 2023 Page No: 1


# صوبے کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیلئے کوشاں ہیں، گورنر بلوچستان

گورنر بلوچستان سے آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کے وفد کی رکن بلوچستان اسمبلی نصر اللہ زیرے کی قیادت میں ملاقات، وفد نے گورنر بلوچستان کو درپیش سے آگاہ کیا، گورنر بلوچستان کا تمام مسائل حل کرنے کی یقین دہانی

**امن وامان کو برقرار رکھنے اور صوبے کی ترقی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں ژوب کو درپیش مسائل کے حل کیلئے اقدامات اٹھائیں گے، ملک عبدالولی کاکڑ کی آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کے وفد سے گفتگو**

ژوب (نامہ نگار) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان کے تمام علاقوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے کوشاں ہے امن وامان کو برقرار رکھنے اور صوبے کی ترقی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں ژوب کو درپیش مسائل کے حل کیلئے اقدامات اٹھائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاس میں ژوب کے آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا وفد نے رکن بلوچستان اسمبلی نصر اللہ زیرے کی قیادت میں ان سے ملاقات کی وفد نے گورنر کو درپیش مسائل سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا گورنر نے درپیش مسائل غور سے سنے اور ان کو حل کرنے اور فوری اقدامات اٹھانے کا یقین دلایا وفد نے گورنر کو ژوب کا دورہ کرنے کی دعوت بھی دی وفد میں آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کے حافظ حسرت گل بابر نقیب افغان اختر شاہ ایزئی ظفر اللہ کاکڑ ہارون مندوخیل اور دیگر شامل تھے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 07 AUG 2023 Page No: 2


Balochistan Time Quetta

## Girls drowning saddens CM

APP

**QUETTA**: Chief Minister Balochistan Mir Abdul Quddus Bizenjo on Sunday expressed deep grief over the death of seven girls students due to drowning in water in Turbat district of the province. In his condolence statement, the Chief Minister has said that he was deeply saddened by the death of seven girls in unfortunate incident, drowned in a river near Turbat on Sunday afternoon. In this time of grief, our heart goes out to the victims of this incident, the chief minister has also expressed sympathies with the bereaved families and prayed to Allah Almighty for eternal peace of the departed souls and grant of courage to members of the bereaved families to bear this loss with equanimity.

## وزیراعلیٰ بزنجو کا اسلم شاہ سے اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے سابق آرڈینیٹر وزیراعظم، سابق پولیٹیکل سیکرٹری سی ایم بلوچستان سید اسلم شاہ سے ان کی ہمشیرہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے دریں اثناء وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کے کزن اور نمائندے چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل آواران میر نصیر بزنجو نے سید اسلم شاہ کی رہائش گاہ پر جا کر فاتحہ خوانی کی اور وزیراعلیٰ کا تعزیتی پیغام پہنچایا۔

MASHRIQ QUETTA

## تربت تفریح کیلئے جانیوالی 7 سہیلیاں ندی میں ڈوب کر جاں بحق

### وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو کا اظہار افسوس

المناک واقعہ اتوار کو ضلع کیچ کے ہیڈ کوارٹر تربت سے تقریباً 10 کلومیٹر دور کلگ کے قریب کیچ ندی میں پیش آیا، 2 لڑکیوں کو زندہ بچا لیا گیا ہے

کلگ گاؤں سے تعلق رکھنے والی 12 سے 17 سال کی 9 لڑکیاں جو آپس میں سہیلیاں تھیں گاؤں کے قریب ندی کے کنارے پکنک منانے گئی تھیں

نہاتے ہوئے ایک لڑکی نسبتاً گہرے پانی کی طرف گئی اور ڈوب گئی جسے بچانے کے لئے باقی تمام سہیلیاں بھی ایک ایک کر کے گہرے پانی میں اتر گئیں

لڑکیوں کو تیراکی نہیں آتی تھی اور ان کے ساتھ کوئی مرد رشتہ دار بھی موجود نہیں تھا اس لیے ان میں سے سات کی موت ہوگئی جن کی لاشیں نکال لی گئیں

زیادہ تر لڑکیاں آپس میں رشتہ دار تھیں۔ تربت ہسپتال سے جب ایک ساتھ 7 لاشیں گاؤں پہنچائی گئیں تو ہر طرف کہرام مچ گیا۔ اس موقع پر ہر آنکھ اشکبار تھی

واقعہ انتہائی افسوسناک ہے، متاثرہ خاندانوں کی بھرپور معاونت اور ڈوبنے سے بچ جانے والی بچیوں کی بہتر طبی دیکھ بھال کی جائے، وزیراعلیٰ بلوچستان

تربت (آئی این پی) بلوچستان کے علاقے تربت میں تفریح کے لیے جانے والی سات سہیلیاں ندی میں ڈوب کر جاں بحق جبکہ 2 کو زندہ بچا لیا گیا ہے۔ ایس ایچ او تربت حکیم بلوچ نے غیر ملکی نشریاتی ادارے کو بتایا کہ یہ واقعہ اتوار کو ضلع کیچ کے ہیڈ کوارٹر تربت سے تقریباً 10 کلومیٹر دور کلگ کے قریب کیچ ندی میں پیش آیا۔ ایس ایچ او کے مطابق کلگ گاؤں سے تعلق رکھنے والی 12 سے 17 سال کی 9 لڑکیاں ...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 9 پر

جو آپس میں سہیلیاں تھیں گاؤں کے قریب ہی واقع ندی کے کنارے پکنک منانے کے لیے گئی تھیں۔ کھانا کھانے کے بعد لڑکیاں نہانے کے لیے نہر میں اتریں۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ بارشوں کے بعد نہر میں پانی کی سطح بڑھ گئی تھی۔ نہاتے ہوئے ایک لڑکی نسبتاً گہرے پانی کی طرف گئی اور ڈوب گئی جسے بچانے کے لئے باقی تمام سہیلیاں بھی ایک ایک کر کے گہرے پانی میں اتریں لیکن بد قسمتی سے سب ہی ڈوب گئیں۔ انہوں نے بتایا کہ لڑکیوں کو تیراکی نہیں آتی تھی اور ان کے ساتھ کوئی مرد رشتہ دار بھی موجود نہیں تھا اس لیے ان میں سے سات کی موت ہوگئی جن کی لاشیں نکال لی گئیں۔ تاہم دو لڑکیوں کو قریب سے گزرنے والے مقامی لوگوں نے بروقت زندہ بچا لیا۔ انہیں گورنمنٹ ٹیچنگ ہسپتال تربت میں طبی امداد دی گئی جس کے بعد ان کو گھر بھیج دیا گیا۔ ایس ایچ او کے مطابق بچنے والی لڑکیاں بھی سات سہیلیوں کی موت دیکھنے پر صدمے میں ہیں اس لیے ان سے حادثے سے متعلق زیادہ معلومات نہیں مل سکیں تاہم اس حادثے کی تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق مرنے والی لڑکیوں کی شناخت 13 سالہ

شیریں، 14 سالہ ماہتاب، 14 سالہ بشریٰ، 15 سالہ قائرہ، 15 سالہ دردانہ، 16 سالہ فضاء اور 16 سالہ ماہ زیب کے نام سے ہوئی ہیں۔ تمام کا تعلق ایک ہی گاؤں سے تھا ان میں سے زیادہ تر آپس میں رشتہ دار بھی تھیں۔ تربت کے سرکاری ہسپتال سے جب ایک ساتھ 7 لاشیں گاؤں پہنچائی گئیں تو ہر طرف کہرام مچ گیا۔ اس موقع پر ہر آنکھ اشکبار تھی۔ گاؤں کے رہائشی خالد نے بتایا کہ لڑکیاں مختلف سکولوں میں پڑھتی تھیں تاہم ہمیشہ ایک ساتھ گھر سے نکلتیں ان میں گہری دوستی تھی۔ اتوار کو سکول کی چھٹی کی وجہ سے انہوں نے پکنک کا پروگرام بنایا تھا۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے تربت کے علاقے کلگ میں طالبات کے پانی میں ڈوب کر جاں بحق ہونے کے واقعہ پر افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے ایک تعزیتی بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ انہیں افسوسناک واقعہ میں سات بچیوں کے جاں بحق ہونے پر دلی دکھ ہوا غم کی اس گھڑی میں سوگوار خاندانوں کے ساتھ ہیں وزیراعلیٰ نے بچیوں کی مغفرت اور والدین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی ہے اور ہدایت کی ہے کہ متاثرہ خاندانوں کی بھرپور معاونت اور ڈوبنے سے بچ جانے والی بچیوں کی بہتر طبی دیکھ بھال کی جائے۔

### وزیراعلیٰ بلوچستان کا سید اسلم شاہ سے اظہار افسوس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے سید اسلم شاہ سابق کوآرڈینیٹر وزیراعظم پاکستان سابق پولیٹیکل سیکرٹری وزیراعلیٰ بلوچستان پی ایم ایس سی پیک پروجیکٹ مینجمنٹ سروسز کے چیئرمین سے انکی ہمشیرہ کے انتقال پر تعزیت اور اظہار افسوس کیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر ...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 9 پر

عبدالقدوس بزنجو کے کزن اور انکے نمائندے میر نصیر بزنجو چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل آواران نے سید اسلم شاہ کی رہائش گاہ پر جا کر فاتحہ خوانی کی اور وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے تعزیتی پیغام دیتے ہوئے کہا ہے

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 07 AUG 2023

Page No: 3


## منصوبوں میں پہلی بار عوام کی نگرانی کو یقینی بنایا، عبدالخالق ہزارہ

### معیار اور شفافیت کی گواہی پورا بلوچستان دے رہا ہے، تقریبات سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین / صوبائی وزیر کھیل، ثقافت امور نوجوانان آثار قدیمہ عبدالخالق ہزارہ نے طلبہ کو جدید علوم کے حصول کے سلسلے میں بھرپور محنت و توجہ دینے کی تاکید کرتے ہوئے کہا ہے کہ دنیا نے جس برق رفتاری سے ترقی کی منازل طے کی ہیں یہ سب سائنس و ٹیکنالوجی کے میدان میں جدید ایجادات کی بدولت ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف تعلیمی اداروں کے طالب علموں میں لیپ ٹاپ تقسیم کر [illegible] تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس سے قبل انہوں نے غریب و نادار افراد کیلئے تعمیر ہونے والے رہائشی اسکیم کے فیز II کے سنگ بنیاد کی نقاب کشائی، قیوم پاپا فٹ بال اسٹیڈیم میں آسٹروٹرف بچھانے کے افتتاح اور مری آباد کارپٹ سینٹر کی عمارت کے نوتعمیر شدہ بلاک کا افتتاح بھی کیا اس موقع پر پارٹی کے نائب چیئرمین اول مرزا حسین ہزارہ، نائب چیئرمین عزیز اللہ ہزارہ، سیکرٹری جنرل احمد علی کوہزاد، سیکرٹری آرگنائزنگ غلام رضا ہزارہ، سیکرٹری مالیات یونس چنگیزی، ارکان مرکزی کونسل عبدالعلی ہزارہ، اسماعیل چنگیزی، غلام علی ہزارہ، منظور حنان ایڈووکیٹ، جینی، ضلعی صدر یونس حیدری، ضلعی سیکرٹری فدا حسین، پارٹی کارکنوں، علاقہ معززین کی بڑی تعداد بھی موجود تھی مقررین نے کہا کہ پانچ سال سے عوامی اسکیموں پر توجہ دی ہم نے پہلی مرتبہ نئی روایات کی بنیاد ڈالی کہ اسکیموں کی نگرانی اور معیار کو یقینی بنانے کیلئے اہل علاقہ کی براہ راست نگرانی کو یقینی بنایا ہمارے تمام منصوبے عوام کے سامنے ہیں کوئی ایسی اسکیم کی تجویز نہیں دی جس کا جواب ہم نہ دے سکیں ہمارے منصوبوں کے معیار اور شفافیت کی پورا بلوچستان گواہی دے رہا ہے جس کی بدولت آج ہم اپنے لوگوں کوئٹہ کے شہریوں اور صوبے کے تمام اقوام کے سامنے سرخرو ہیں۔

## حکمرانوں کو بلوچستان کے وسائل کی ضرورت ہے عوام کی نہیں، اسد بلوچ

### وسائل کی تقسیم کا فائدہ پنجاب کو ہو رہا ہے، گوادر یونیورسٹی لاہور میں بنانا ناانصافی ہے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر میر اسد بلوچ نے کہا ہے کہ آبادی کے تناسب سے وسائل کی تقسیم ہوتی ہے جس کا فائدہ پنجاب کو ہو رہا ہے، فیکٹریاں اور موٹروے سمیت دیگر وسائل پنجاب میں ہیں جبکہ چھوٹے صوبوں کا استحصال کیا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ مردم شماری میں ستر لاکھ کی کٹوتی کی گئی بلکہ باقی صوبوں کی مردم شماری میں کٹوتی نہیں کی گئی، بلوچستان کی آبادی دو کروڑ تھی۔ انہوں نے کہا کہ گوادر یونیورسٹی لاہور میں بنائی جا رہی ہے جو اس صوبے کے عوام کے ساتھ ناانصافی ہے جسے قبول نہیں کریں گے، اگر ہم ناپسند ہیں تو ہمیں اپنی پرانی پوزیشن میں لے آئیں، ہم ان اقدامات کے خلاف ہر سطح پر احتجاج اور جدوجہد کریں گے۔ پشتون بلوچ ہزارہ اور یہاں پر بسنے والے تمام مکاتب فکر کے لوگ آواز بلند کریں، پنجاب کے حکمرانوں کو تنبیہ کرتے ہیں کہ اپنا قبلہ درست کرلیں اسمبلی کے فلور پر احتجاج کریں گے، بلوچستان کے ساحل و وسائل کی اہمیت ہے مگر یہاں کے عوام کی اہمیت نہیں ہے، یہاں بسنے والے پشتون بلوچ ہزارہ و پنجابی ہوش کے ناخن لیں، مردم شماری میں کی جانے والی کٹوتی کو واپس لیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ سے پوچھیں گے آپ اسلام آباد میں تھے آپ نے کیوں آواز بلند نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ اسمبلی اجلاس میں 44 قراردادیں پاس ہوگئیں لیکن اس پر عملدرآمد نہیں ہوا، اس پر آئندہ ہونے والے اسمبلی اجلاس میں آواز بلند کریں گے۔

MASHRIQ QUETTA

## اجتماعی منصوبوں کی تکمیل سے خوشحالی کے نئے دور کا آغاز ہوگا، نور محمد دمڑ

### رنگ و نسل سے بالاتر ہو کر حلقہ انتخاب میں ریکارڈ ترقیاتی کرائے اور نوجوانوں کو روزگار فراہم کیا

### مذہبی جماعت عوامی مقبولیت کو دیکھ بوکھلاہٹ کا شکار ہو کر منفی پروپیگنڈے کر رہی ہے، تقریب سے خطاب

زیارت (آن لائن) سینئر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ اپنے دور حکومت میں حلقے میں ریکارڈ ترقیاتی کام اور سینکڑوں نوجوانوں کو روزگار فراہم کیا ہے ہمارے کاروان میں شامل تمام لوگ دست و بازو ہیں حلقے میں سیاست، ذاتی تعصب اور تعصب سے بالاتر ہو کر اجتماعی مفادات کے منصوبے منظور کروکر علاقے کو ترقی کی راہ پر گامزن کر دیا ہے۔ ضلع زیارت کے ہر یونین کونسل میں بے روزگار نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار دیئے ہیں جمعیت علماء اسلام ہمارے ترقیاتی منصوبوں اور عوامی مقبولیت کو دیکھ بوکھلاہٹ کا شکار ہو کر منفی پروپیگنڈے کر رہی ہے جس میں کوئی صداقت نہیں اپنے دور اقتدار میں اربوں روپوں کے ترقیاتی منصوبے منظور کرائے ہیں عام انتخاب میں مخالفین کو دس ہزار ووٹوں سے عوام کی طاقت سے شکست دینگے ان خیالات کا اظہار بجلی کے تین بڑے نئے منظور شدہ بجلی فیڈرز جس میں یونین کونسل احمدون فیڈر، زندرہ چینہ اور کواس فیڈر اور منہ شڑنگی سپیزندی فیڈرز کے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا حاجی نور محمد خان دمڑ نے چیئرمین ضلع کونسل زیارت عبدالستار کاکڑ، وائس چیئرمین حبیب اللہ پانیزئی، علاقے کے قبائلی عمائدین، زمینداروں، وعلماء کرام کے ہمراہ بجلی کے نئے فیڈرز کا افتتاح کیا

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 07 AUG 2023 Page No: 5


# عوام کو مفت اور فوری انصاف فراہم کرنے کیلئے عملی جدوجہد کی جارہی ہے، صوبائی محتسب

## محتسب ادارے میں مقدمات کا اندراج آسان طریقے سے کیا جاتا ہے اور نوے دن کے اندر آئین اور قانون کے مطابق انصاف پر مبنی فیصلے کئے جاتے ہیں

### بلوچستان کے تمام سرکاری و نیم سرکاری اداروں کے خلاف بد انتظامی سے متعلق شکایات کا فوری ازالہ کیا جارہا ہے، نذر محمد بلوچ ایڈووکیٹ کا سیمینار سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) صوبائی محتسب بلوچستان نذر محمد بلوچ ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ محتسب بلوچستان کا ادارہ صوبے کے تمام سرکاری و نیم سرکاری اداروں کے خلاف بد انتظامی سے متعلق شکایات کا ازالہ کرتے ہوئے عوام کو مفت اور فوری انصاف فراہم کرنے کیلئے عملی جدوجہد کررہا ہے تاکہ غریب اور نادار لوگوں کو طویل عدالتی کارروائی اور وکلاء کی بھاری بھرکم فیسوں کو ادا کرنے کی بجائے اپنے ہی علاقوں میں بلا معاوضہ انصاف مل سکے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز صوبائی محتسب بلوچستان سیکرٹریٹ کے زیر اہتمام ایک روزہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا، سیمینار کے مہمان خصوصی گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ تھے اور اس پروگرام کی صدارت فورم آف پاکستان امبڈسمین کے صدر اور فیڈرل ٹیکس محتسب ڈاکٹر آصف محمود جاہ نے کی جبکہ میزبانی کے فرائض محتسب بلوچستان نے انجام دیئے، سیمینار سے خطاب میں صوبائی محتسب نے کہا کہ فورم آف پاکستان امبڈسمین کے سالانہ کانفرنس کا مقصد وفاقی اور صوبائی محتسبین کو یکجا کرکے بلوچستان کے غریب پسماندہ عوام کو بلوچستان میں وفاقی اور صوبائی سرکاری، نیم سرکاری اداروں سے متعلق شکایات کے اندراج اور ملنے والے ریلیف کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا ہے، صوبائی محتسب نے کہا کہ محتسب ادارے میں مقدمات کا اندراج نہایت آسان طریقے سے کیا جاتا ہے جہاں نوے دن کے اندر اندر آئین اور قانون کے مطابق انصاف پر مبنی فیصلے کئے جاتے ہیں، سیمینار سے خطاب میں فورم آف پاکستان امبڈسمین کے صدر اور ایف ٹی او ڈاکٹر آصف محمود جاہ نے شرکاء کو ایف پی او کے قیام کا مقصد اور اس فورم کے پلیٹ فارم سے لوگوں کو فراہمی انصاف کیلئے کی جانے والی کوششوں کے بارے میں تفصیلات سمیت دیگر اہم امور کے بارے میں آگاہ کیا، سیمینار میں سندھ، پنجاب، آزاد کشمیر وفاقی محتسب بلوچستان کے ریجنل ڈائریکٹر کے علاوہ سیکرٹری محتسب بلوچستان، محتسب سیکرٹریٹ کے افسران، اہلکار اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد موجود تھے، اس موقع پر ملک کے مختلف صوبوں سے آئے ہوئے محتسبین اور ان کے نمائندوں نے سیمینار کے شرکاء کو اپنے اداروں کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کیا۔

# اقوام متحدہ کشمیریوں پر مظالم بند کرائے، ڈی سی جھل مگسی

### کشمیری بہن، بھائیوں پر انسانیت سوز سلوک کی پاکستانی قوم مذمت کرتی ہے، محمد رمضان پلال

جھل مگسی (خ ن) ملک بھر کی طرح ضلع جھل مگسی میں بھی یوم استحصال کشمیر منایا گیا۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر جھل مگسی محمد رمضان پلال، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ جھل مگسی نوابزادہ میر نیاز احمد زہری، چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداواہ ایڈووکیٹ مشتاق احمد ترین، ضلعی پاپولیشن آفیسر ممتاز علی مگسی، ایس ڈی او ایریگیشن فرخ شہزاد کھوکھر، چیف آفیسر ضلع کونسل ذوالفقار علی لاشاری، ودیگر آفیسران، اساتذہ کرام، سول سوسائٹی اور طلباء کرام نے بڑی تعداد میں شرکت کیں۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔ یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے طلباء کرام نے ملی نغمے اور نہایت ہی خوبصورت مفصل و مدلل انداز میں تقاریر پیش کیں۔ آخر میں تقریب کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر نے تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کی جانب سے کشمیر کے مسلمان بہن بھائیوں کو 5 اگست 2019 سے جبری لاک ڈاؤن اور کرفیو کا سامنا ہے بھارتی افواج اور آر ایس ایس کی غنڈہ گردی اور ناروا سلوک آج بھی کشمیریوں کیساتھ جاری ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3 DATE: 07 AUG 2023 Page No: 8

# مردم شماری میں بلوچستان سے زیادتی ہوئی 75 لاکھ آبادی کم کر دی گئی

اسلم بھوتانی

وزیراعلیٰ کی طرف سے صوبے کی آبادی میں کٹ لگانے کے عمل کو تسلیم کرنا اچھا شگون نہیں، نگران وزیراعظم کی دوڑ میں شامل نہیں نہ کسی نے مشاورت کی

**مردم شماری میں کہیں کٹ اور کہیں بڑھانے کے عمل کو اگر کورٹ میں لے جایا گیا تو مقررہ وقت پر الیکشن کو بھول جائیں، نجی ٹی وی سے گفتگو**

حب (نمائندہ انتخاب) مردم شماری میں بلوچستان کی آبادی میں 75 لاکھ کا کٹ لگانا درست عمل نہیں نا انصافی ہوئی ہے بلوچستان کے لوگوں میں تشویش پائی جارہی ہے وزیراعلیٰ کی طرف سے صوبے کی آبادی میں کٹ لگانے کے عمل کو تسلیم کرنا اچھا شگون نہیں میں نگراں بقیہ نمبر 32 صفحہ 7 پر

وزیراعظم کی دوڑ میں شامل نہیں نہ ہی کسی نے مشاورت کی ہے البتہ وزیراعظم سے ملاقات کے موقع پر مشاورت کے دوران مجھ سے نگران وزیراعظم کا نام لیا گیا تو میں نے ایک نام دے دیا مردم شماری میں کہیں کٹ اور کہیں بڑھانے کے عمل کو اگر کورٹ میں لے جایا گیا تو ہم سب مقررہ وقت پر الیکشن بھول جائیں جو کہ ملک اور سیاسی جماعتوں کیلئے کوئی نیک شگون ثابت نہیں ہو سکتا یہ بات لسبیلہ گوادر حب سے منتخب آزاد ممبر قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی نے گزشتہ روز ایک نجی نیوز چینل کے ٹاک شو میں گفتگو کرتے ہوئے کہی ٹاک شو میں دوران گفتگو میزبان کے سوال کے جواب میں انھوں نے کہا کہ نگراں وزیراعظم کے ناموں میں انکا نام شامل ہونے کا جو ذکر چل رہا ہے تو میں اس سے 500 فیصد انکاری نہیں کرتا اور اس حوالے سے جو خبریں چل رہی ہیں وہ بے بنیاد ہیں ان میں کوئی حقیقت نہیں ایم این اے اسلم بھوتانی نے کہا کہ موجودہ حکومت کے ساتھ 15 ماہ کے ساتھ کا تجربہ کافی اچھا رہا بالخصوص وزیراعظم میاں شہباز شریف سے کام کرنے کا اچھا تجربہ حاصل کیا انھوں نے نہ صرف عزت دی بلکہ میرے حلقے کے مسائل کے حل کے حوالے سے فنڈز کی فراہمی میں بھی کافی تعاون کیا وزیراعظم نے ہر مسئلہ پر نہ صرف مجھے بلکہ تمام اتحادیوں کو آن بورڈ لیا انھوں نے پچھلے دور حکومت کی نسبت موجودہ حکومت کے ساتھ کام کرنے کو اچھا قرار دیا انھوں نے کہا کہ عمران خان دور حکومت میں مشاورت بالکل نہیں ہوتی تھی انھوں نے کہا کہ میں چونکہ عمران خان اور موجودہ وزیراعظم شہباز شریف کے ساتھ آزاد حیثیت سے اتحادی کے طور پر شامل رہا ہوں اور میری تمام تر ترجیح اپنے حلقہ انتخاب کے مسائل کو حل کرنا رہا ہے لہذا اس حوالے سے پچھلی حکومت نے بھی میرے ساتھ تعاون کیا اور موجودہ وزیراعظم نے بھی ساتھ دیا ہے لیکن شہباز شریف کے ساتھ رہ کر کافی کچھ سیکھنے کا موقع ملا ایک سوال کے جواب میں اسلم بھوتانی نے کہا کہ جب انکے علاقے کے ترقیاتی فنڈز کے حوالے سے کچھ ایشوز آئے تو انھوں نے قومی اسمبلی میں تقریر کی اور شکایات کی جسکے بعد وزیراعظم کی تاکید پر انکے حلقے کے فنڈز کا اجراء کر دیا گیا۔

# حکومت جاتے جاتے بلوچستان پر ایٹم بم گرا دیا، سینیٹر کامران مرتضیٰ

مردم شماری میں بلوچستان کی آبادی کم دکھانے پر جے یو آئی سینیٹرز کا احتجاج، ایوان سے ٹوکن بائیکاٹ کیا، عوام کو اچھا پیغام نہیں گیا، سینیٹرز

**صرف 4 روز قبل دو نگران وزیراعلیٰ کی موجودگی میں مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس بلایا گیا اس سے حالات مزید خراب ہونگے، کامران مرتضیٰ**

اسلام آباد (آن لائن) مردم شماری میں بلوچستان کی آبادی کم دکھانے پر جے یو آئی کے سینیٹرز کا احتجاج ایوان سے بقیہ نمبر 26 صفحہ 7 پر

ٹوکن واک آوٹ کیا۔ اتوار کے روز سینیٹ اجلاس کے دوران سینیٹر کامران مرتضیٰ نے نکتہ اعتراض پر بات کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے جاتے جاتے بلوچستان پر ایک اور بم گرا دیا ہے اس حکومت اور ریاست کا بہت شکریہ جنہوں نے بلوچستان کی سیٹیں کم کر دیں انہوں نے کہا کہ صرف چار روز قبل دو نگران وزیراعلیٰ کی موجودگی میں مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس بلایا گیا ہے اس سے بلوچستان کے عوام کو اچھا پیغام نہیں گیا ہے۔

# پرنس احمد علی بھی نگران وزیراعلیٰ بلوچستان کی دوڑ میں شامل

**جے یو آئی نگران وزیراعلیٰ کے لئے سابق ایم این اے عثمان بادینی کو نامزد کر چکی ہے**

کوئٹہ (آن لائن) سابق رکن صوبائی اسمبلی پرنس احمد علی بھی نگران وزیراعلیٰ بلوچستان کی دوڑ میں شامل ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان کے نگران وزیراعلیٰ کے لئے تگ و دو جاری ہے بی اے پی کے چند ارکان اسمبلی اور سینیٹرز سابق رکن صوبائی اسمبلی پرنس احمد بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر

علی کو نگران وزیراعلیٰ بنانے کے لئے متحرک ہو گئے۔ بی اے پی کے رکن اسمبلی اور سینیٹرز مسلم لیگ ن کی قیادت سے بھی ملاقات کر چکے ہیں پرنس احمد علی 2013 کے الیکشن میں حب لسبیلہ سے رکن بلوچستان اسمبلی منتخب ہوئے تھے۔ جے یو آئی نگران وزیراعلیٰ کے لئے سابق ایم این اے عثمان بادینی کو نامزد کر چکی ہے۔ جبکہ سینیٹر کہدہ بابر، سردار اختر مینگل کے بھتیجے اسد مینگل اور وزیراعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو کے بھانجے نصیر سہروردی کا نام بھی نگران وزیراعلیٰ کے لئے زیر گردش ہے

## مریضوں کو مشکلات کا سامنا
## زندگی بچانے والی 70 سے زائد ادویات مارکیٹ سے غائب

**شوگر، بلڈ پریشر، ٹی بی، مرگی، پارکنسن، امراض قلب سمیت دیگر امراض کے علاج میں استعمال ہونیوالی ادویہ کی تلاش میں لوگ در در کی ٹھوکریں کھانے لگے، بلیک میں فروخت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں ادویات کی شدید قلت، مختلف ادویات بلیک میں فروخت کی جانے لگیں، قیمتوں میں بھی ہوشربا اضافہ، عوام کے لئے ضروری ادویات خریدنا بھی مشکل ہو گیا، تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت کے میڈیکل سٹورز پر ادویہ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہو گیا ہے جبکہ بعض ادویات بلیک میں فروخت کی جانے لگی ہیں جس کی وجہ سے انکی قیمتیں کئی گنا بڑھ گئی ہیں اسی طرح مختلف ادویات مارکیٹ میں نہیں مل رہیں عوامی و سماجی حلقوں نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ادویہ کی قیمتوں میں کئی گنا اضافہ ظلم ہے ستم ظریفی یہ ہے کہ انتہائی ضروری ادویہ جیسا کہ شوگر، دل کے امراض، ملیریا، گلے دردوں کی اکثر ادویات مل ہی نہیں رہیں اور جہاں مل رہی ہیں وہ بلیک میں مہنگے داموں فروخت کی جا رہی ہیں جبکہ کینسر کے مرض کی ادویات بھی مارکیٹ سے غائب ہے کوئٹہ کے میڈیکل اسٹورز میں ان دنوں کینسر، مرگی، گردے، ڈائیلسز، تھیلیسیمیا اور بخار سمیت کئی امراض کی ضروری ادویات دستیاب نہیں ہیں۔ لوگ ادویات کی تلاش میں مارے مارے پھرتے رہتے ہیں، قیمتوں کے ایک دم کئی گنا اضافے سے اپنے پیاروں کیلئے ادویات خریدنے والے غریب اور متوسط طبقے کے لوگ اس صورتحال پر پریشان ہیں۔ پی کے مرض، ہیکسی ڈائیل، اے ایم میلسان، اے ایم سی ایل اے وی، سیرپ اور میلیٹس، کوسوم سیرپ، اور نوسوفل سیرپ، تھلیکسں، ذہنی اور اعصابی بیماریوں کے لئے ٹیگرال اور ٹیریل سمیت دیگر ادویات مارکیٹ سے غائب ہیں، جس کی وجہ سے ضروری اور جان بچانے والی ادویات کی قلت کا بحران مزید شدت اختیار کر چکا ہے، ملک بھر میں اس وقت 70 سے زائد ضروری اور جان بچانے والی ادویات مارکیٹ سے غائب ہیں۔ جن میں دماغی و اعصابی بیماریوں کی ادویات بھی شامل ہیں حتیٰ کہ ان میں ایسی دوائیں بھی ہیں جنہیں خودکشی سے بچاؤ کی ادویات کہا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر لیتھیم کاربونیٹ کے تمام برانڈز مارکیٹ میں دستیاب نہیں ہیں جو کہ کئی نفسیاتی بیماریوں کے علاج کے لیے موثر ترین دوا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ان ضروری ادویات میں بچوں میں توجہ کی کمی یا ہائپر ایکٹیویٹی ڈس آرڈر کے علاج کے لیے میتھائلفینیڈیٹ اور بچوں اور بڑوں میں مرگی کے لیے کلونازیپم کے قطرے اور گولیاں شامل ہیں، جو پچھلے کئی ہفتوں سے مارکیٹ میں دستیاب نہیں تھیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بات یہیں ختم نہیں ہوتی۔ ٹی بی (تپ دق)، مرگی، پارکنسن، امراض قلب اور دیگر بیماریوں کے مریضوں کے لیے ادویات بھی مارکیٹ میں دستیاب نہیں ہیں۔ رپورٹس کے مطابق شہر کی مارکیٹوں میں جو ادویات دستیاب ہیں ان کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کر دیا گیا ہے جس کی وجہ سے مریض مہنگے داموں بلیک میں ادویات خریدنے پر مجبور ہیں۔ شہر کے میڈیکل سٹورز میں ان دنوں کینسر، مرگی، گردے، ڈائیلسز، تھیلیسیمیا اور بخار سمیت کئی امراض کی ضروری ادویات دستیاب نہیں ہیں۔ لوگ ادویات کی تلاش میں مارے مارے پھرتے نظر آ رہے ہیں اور قیمتوں کے یک دم کئی گنا اضافے نے غریب اور متوسط طبقے کے لوگوں کی پریشانی میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔

## نئے پراپرٹی ٹیکسز کے باعث رئیل اسٹیٹ کا کاروبار گر گیا، ڈیلرز پریشان

**ایف بی آر کی جانب سے نئے ریٹ کے تعین کے بعد کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں پراپرٹی کا کاروبار بری طرح متاثر، حکومت سے نظرثانی کا مطالبہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) حکومت کی جانب سے زمینوں کے نئے ریٹ جاری کرنے اور ان پر ٹیکسز لاگو کرنے کے بعد صوبائی دارالحکومت سمیت صوبے بھر میں پراپرٹی کا کاروبار ختم ہو گیا، رئیل اسٹیٹ ایجنٹس دوسرے بزنس کو ترجیح دینے لگے، ڈیلرز پریشان، خریداروں نے بھی ہاتھ روک لیا، منسلک صنعتوں کے متاثر ہونے کا خدشہ، تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت کی ہدایت پر فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے زمینوں کے خرید و فروخت پر ٹیکسز کے نئے ریٹ کا تعین کر دیا جس کے بعد سے کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں پراپرٹی کے کاروبار کو بریکیں لگ گئی ہیں اور رئیل اسٹیٹ کے بڑے انویسٹرز پراپرٹی کے بجائے دوسرے کاروبار کو ترجیح دینے لگے ہیں جس سے جہاں ایک جانب اس ساری صورتحال کا خمیازہ ڈیلرز حضرات کو بھگتنا پڑ رہا ہے وہیں منسلک صنعتوں پر منفی اثرات پڑنا شروع ہو گئے ہیں کیونکہ خریدار بھی اس تمام صورتحال میں جائیداد کی خریداری نہیں کر رہے اور وہ بھی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں تاہم اس تمام صورتحال سے ٹیکس ریونیو میں بھی خاطر خواہ کمی آئے گی۔ پراپرٹیز اینڈ بلڈرز کے سی ای او محمد عثمان فیاض نے بتایا کہ ٹیکسز کی ادائیگی قومی فریضہ ہے لیکن بے جا ٹیکسز سے کاروبار کو شدید نقصان ہو رہا ہے پہلے ہی مارکیٹ ڈاؤن تھی جبکہ اب ریٹس میں ترمیم کے بعد سے مزید کام رک گیا ہے اور پراپرٹی کے کاروبار سے منسلک لاکھوں لوگوں کے بے روزگار ہونے کا خدشہ ہے حکومت ٹیکس وصولی کا نظام بہتر بنائے نہ کہ ٹیکسز پر ٹیکسز عائد کیے جائیں۔

## قلعہ سیف اللہ: چوری، بدامنی کی وارداتیں عام، پولیس کارروائی سے گریزاں

**سیاسی پارٹیوں اور تاجروں کو حکام کی طرف سے یقین دہانی کے باوجود تاحال عملی اقدامات نہیں کیے جا سکے نوٹس لیا جائے، شہریوں کا پولیس حکام سے مطالبہ**

قلعہ سیف اللہ (نامہ نگار) شہر میں بدامنی و چوری کے واقعات عروج پر، پولیس جرائم پیشہ افراد کے سامنے بے بس، شہری جرائم پیشہ افراد کے رحم و کرم پر، رپورٹ کے مطابق شہر میں چوری کی وارداتیں عام ہو چکی ہیں پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرنے کے بجائے کاغذی کارروائی تک محدود ہو کر رہ گئی ہے شہر میں طویل عرصے سے چوری کی وارداتیں ہو رہی ہیں جس کے خلاف سیاسی پارٹیوں اور تاجروں نے سخت احتجاج بھی کیا پولیس آفیسروں نے چوروں کے خلاف سخت کارروائی اور ملزموں کو گرفتار کرنے کی یقین دہانی کرائی لیکن تاحال عملی اقدامات نہیں کیے جا سکے جسکی وجہ سے شہریوں اور سیاسی جماعتوں میں بے چینی پائی جاتی ہے ایک چھوٹے سے شہر میں پولیس شہریوں کو تحفظ دینے سے قاصر ہے تمام تر صورتحال کا ڈی آئی جی ژوب ریجن کو بھی علم ہے عوامی حلقوں نے ڈی آئی جی بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ قلعہ سیف اللہ میں چوری کی وارداتوں کا نوٹس لیکر ملوث عناصر کو گرفتار اور شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے ہنگامی اقدامات کیے جائیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

DATE: 07 AUG 2023

Page No: 11

# نوشکی ٹیکنیکل یونیورسٹی کے منصوبے پر ایک سال بعد بھی کام شروع نہ ہو سکا

## وزیراعظم کی جانب سے اعلان کے بعد اراضی بھی الاٹ کی گئی' تاخیر سے قومی خزانے پر کئی گنا بوجھ پڑے گا' کام جلد شروع کیا جائے' سیاسی جماعتیں

نوشکی (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام کے رہنما انجینئر میر محمد عثمان بادینی سابق صوبائی وزیر بلدیات حاجی میر غلام دستگیر بادینی میر ظہور احمد بادینی نیشنل پارٹی کے سی سی ممبر سردار آصف شیر جمالدینی سابق ایم پی اے میر شبیر احمد بادینی حاجی میر جمعہ خان بادینی نیشنل پارٹی کے رہنما فاروق بلوچ جمعیت علماء اسلام کے رہنما حاجی منظور احمد مینگل حاجی عبدالحئی مینگل یونین کونسل کیشنگی کے چیرمین محمد انور مینگل یونین کونسل بادینی کے چیئرمین میر محمد جان بادینی میونسپل کمیٹی کے کونسلر سردار منظور احمد پرکانی کونسلر ایڈووکیٹ لیاقت علی مینگل اقلیتی کونسلر چوہدری سندیپ لعل کونسلر میر احمد مینگل یونین کونسل جمالدینی کے کونسلر میر محمد اشرف جمالدینی میر جیند خان جمالدینی عوامی اور سماجی حلقوں نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ وزیر اعظم کی جانب سے نوشکی میں ٹیکنیکل یونیورسٹی کے قیام کا اعلان کیا گیا تھا جس کے لئے اراضی بھی الاٹ کی گئی لیکن ایک سال کا طویل عرصہ گزرنے کے باوجود بھی پروجیکٹ پر کام شروع نہیں ہوا جس کی وجہ سے نوشکی کے عوام میں خدشات اور تحفظات جنم لے رہے ہیں انھوں نے وزیراعظم پاکستان وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف سیکرٹری بلوچستان کی توجہ نوشکی میں ٹیکنیکل یونیورسٹی کی تعمیر کی جانب مبذول کراتے ہوئے کہا کہ ٹیکنیکل یونیورسٹی کی تعمیر کا منصوبہ ترجیحی بنیادوں پر شروع کیا جائے تاخیر کی صورت میں منصوبے کی لاگت میں اضافے سے قومی خزانے پر کئی گنا بوجھ پڑ جائے گا منصوبے پر بروقت کام شروع نہ کیا گیا تو نوشکی کے عوام احتجاج اور قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ رکھتے ہیں انھوں نے کہا اگر ٹیکنیکل یونیورسٹی کو کسی دوسرے ڈسٹرکٹ میں منتقل کرنے کی کوشش کی گئی تو نوشکی کے عوام کسی صورت بھی اسکی ہرگز اجازت نہیں دینگے صوبائی حکومت دانشمندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے فیصلے پر نظر ثانی کرے بصورت دیگر نوشکی کے عوام اس زیادتی کے خلاف کسی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے۔

INTEKHAB QUETTA

# کوئٹہ میں آٹا اور ٹماٹر کی قیمت 150 روپے فی کلو ہوگئی

## چینی بھی ناپید ہوگئی، عوام بدترین مہنگائی سے شدید نالاں

کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں) کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں اچانک ٹماٹر کی قیمت میں فی کلو 50 روپے کا اضافہ ہوگیا۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں ٹماٹر کی فی کلو قیمت میں 50 روپے کا اچانک اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے جس کے بعد ٹماٹر کی فی کلو قیمت 70 سے بڑھ کر 120 روپے ہوگئی جبکہ بعض علاقوں میں ٹماٹر کی فی کلو 150 روپے میں فروخت کی بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر

جارہی ہے۔ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے کے بعد آٹے کی فی کلو قیمت میں مزید 15 روپے کا اضافہ ہوگیا آٹے کی فی کلو قیمت میں مزید 15 روپے کا اضافہ ہوگیا، قیمت 150 روپے فی کلو تک پہنچ گئی

# سرکاری اداروں میں احتساب شفافیت کی پاسداری لازمی ہے

گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ تمام سرکاری اداروں میں احتساب، شفافیت اور ذمہ داری کی پاسداری لازمی ہے جس کیلئے مضبوط چیک اینڈ بیلنس میکنزم کا ہونا اولین شرط ہے۔ انہوں نے کہا کہ انصاف کی فراہمی میں ہر اسمیت سے متعلق بہت ابہام پایا جاتا ہے جو کہ بحث طلب اور تحقیق طلب ہے۔ قانونی ماہرین کی ذمہ داری ہے کہ ہر اسمیت کو زیادہ واضح کریں تاکہ عدل وانصاف کے تقاضے پورے ہو سکیں۔ اس موقع پر وفاقی محتسب برائے ٹیکس ڈاکٹر محمود آصف، وفاقی محتسب بینکنگ سراج الدین عزیز، وفاقی محتسب آزاد جموں کشمیر چوہدری محمد نعیم، صوبائی محتسب بلوچستان نذر بلوچ اور ریجنل ڈائریکٹر غلام سرور براہوی سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد شریک تھے۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ خواتین ہماری کل آبادی کا نصف سے زائد حصہ ہے جن کی تمام سرگرمیوں میں شرکت اور شمولیت لازمی ہے۔ صوبائی محتسب بلوچستان نذر بلوچ اور ان کی پوری ٹیم کی انتھک کاوشوں کو سراہتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس ادارے کے فیصلے انصاف پر مبنی ہوتے ہیں اور یہ حقیقت ہے کہ محتسب کا ادارہ معاشرے کے غریب ترین اور کمزور ترین افراد کو سستا انصاف فراہم کرنے کا اہم ترین ذریعہ ہے۔ تمام سرکاری اداروں میں احتساب، شفافیت اور ذمہ داری کی پاسداری لازمی ہے جس کیلئے مضبوط چیک اینڈ بیلنس

میکنزم کا ہونا اولین شرط ہے۔ انہوں نے کہا کہ انصاف کی فراہمی میں ہر اسمیت سے متعلق بہت ابہام پایا جاتا ہے جو کہ بحث طلب اور تحقیق طلب ہے۔ قانونی ماہرین کی ذمہ داری ہے کہ ہر اسمیت کو زیادہ واضح کریں تاکہ عدل وانصاف کے تقاضے پورے ہو سکیں۔ اس موقع پر وفاقی محتسب برائے ٹیکس ڈاکٹر محمود آصف، وفاقی محتسب بینکنگ سراج الدین عزیز، وفاقی محتسب آزاد جموں کشمیر چوہدری محمد نعیم، صوبائی محتسب بلوچستان نذر بلوچ اور ریجنل ڈائریکٹر غلام سرور براہوی سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد شریک تھے۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ خواتین ہماری کل آبادی کا نصف سے زائد حصہ ہے جن کی تمام سرگرمیوں میں شرکت اور شمولیت لازمی ہے گورنر بلوچستان نے کہا کہ موجودہ دور میں جدید ٹیکنالوجی کی اہمیت اور افادیت سے انکار ممکن نہیں ہے لہٰذا اداروں اور محکموں کو کمپیوٹرائز کیے بغیر اچھی طرز حکمرانی کے خواب کو شرمندہ تعبیر نہیں کیا جا سکتا۔ ایک شفاف اور مربوط نظام کو یقینی بنانے کیلئے سرکاری آفیسرز اور ملازمین کے استعداد کار کو بڑھانا بھی اشد ضروری ہے۔ انہوں نے وفاق اور دیگر صوبوں سے آئے ہوئے مہمانوں کی آمد خوش آئند قرار دیا اور کہا کہ اس سے ہمیں ایک دوسرے کے علم و تجربہ سے استفادہ کرنے کے مواقع میسر ہو جاتے ہیں۔ آخر میں گورنر بلوچستان نے فورم آف پاکستان محتسب کی جانب سے منعقدہ ایک روزہ سیمینار کے شرکاء اور منتظمین میں یادگاری شیلڈز اور قالین تقسیم کیے۔

# بلوچستان کی آبادی، وسائل اور مسائل !!

مشترکہ مفادات کونسل نے ساتویں قومی مردم شماری کے نتائج کی باضابطہ طور پر منظوری دے دی ہے اب انتخابات نئی مردم شماری کے نتائج پر ہوں گے اس بابت ہم نے بلوچستان نیوز کے صفحات پر گزشتہ روز تفصیلاً بات کی تھی آج ہم چاہتے ہیں کہ ملک کی مجموعی آبادی اور خصوصاً بلوچستان کی آبادی، وسائل اور مسائل پر تھوڑی سی بات کریں۔ قومی مردم شماری کے اعداد و شمار بتاتے ہیں کہ اس وقت ملک کی مجموعی آبادی دو سو اکتالیس ملین یعنی چوبیس کروڑ سے زائد اور بلوچستان کی آبادی ایک کروڑ اڑتالیس لاکھ سے زائد ریکارڈ ہوئی ہے ادارہ شماریات کے ترجمان نے کہا ہے کہ پاکستان کی ساتویں ڈیجیٹل خانہ و مردم شماری کے حتمی اعداد و شمار کے مطابق پاکستان کی کل آبادی 241.49 ملین ہے اور آبادی میں اضافے کی شرح 2.55 فیصد ہے۔ صوبہ پنجاب کی کل آبادی 127.68 ملین ہے جبکہ صوبہ سندھ کی کل آبادی 55.69 ملین اور خیبر پختونخواہ کی کل آبادی 40.85 ملین ہے۔ بلوچستان کی کل آبادی 14.89 ملین ہے۔ ترجمان ادارہ شماریات نے کہا ہے کہ ساتویں خانہ و مردم شماری میں بروقت مانیٹرنگ، شفافیت، اعداد و شمار کے معیار اور مکمل کوریج کو یقینی بنانے کے لیے جغرافیائی معلوماتی نظام کا استعمال کیا گیا اور پورے پاکستان کے گوگل کی طرز پر ڈیجیٹل نقشے بنائے گئے اور اس پر ہر گھر، سکول، فیکٹری، دفتر، دوکان، ہسپتال وغیرہ کو جیوٹیگ کیا گیا۔ فیلڈ آپریشن کے ڈیجیٹل طریقہ کار، اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت، آگہی کے لیے پرنٹ الیکٹرانک، سوشل میڈیا کی شمولیت نے ڈیجیٹل مردم شماری کے کامیاب انعقاد کو یقینی بنایا گیا۔ ادارہ شماریات نے ساتویں خانہ و مردم شماری کے لیے آئی ٹی انفراسٹرکچر کی ڈیزائننگ، مردم شماری سافٹ ویئر کی تکمیل، 126000 ٹیبلیٹس کی خریداری اور پورے پاکستان کی ہائی ریزولوشن امیجری کا کم سے کم وقت میں حصول ممکن بنایا۔ انہوں نے کہا کہ خانہ و مردم شماری کی منصوبہ بندی سے لے کر تکمیل تک صوبوں کی ہر مرحلے میں شمولیت کو یقینی بنایا گیا اور تمام صوبوں کے مقرر کردہ اساتذہ کرام نے مردم شماری کے کام کی تکمیل کو یقینی بنایا۔ مردم شماری کی نگرانی کے لیے قومی اور صوبائی سطح پر جدید آلات سے آراستہ کنٹرول رومز بنائے گئے اور مردم شماری کے کام کی جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے نگرانی کی گئی، تحصیل کی سطح پر 495 ڈیجیٹل سنسز سپورٹ سینٹرز قائم کیے گئے جسے ٹیبلٹ کی فراہمی اور ڈیٹا کی ترسیل کے لیے استعمال کیا گیا ترجمان ادارہ شماریات نے مزید کہا کہ سنسز سپورٹ سینٹرز کو عوام اور شمار کنندگان کی شکایات کے اندراج اور ان کے حل کے لیے بھی استعمال کیا گیا اور پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ عوام کو خود شماری پورٹل کے ذریعے اپنے کوائف کا اندراج کرنے کی سہولت دی گئی۔ پاکستان بھر میں ڈیجیٹل مردم شماری کے حوالے سے جدید ٹیکنالوجی سے لیس 992 تربیتی مراکز میں فیلڈ سٹاف کو تربیت دی گئی۔ مردم شماری کے عمل میں صوبوں کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام کمشنرز، ڈی سی ز، اے سی ز اور چیف سیکرٹریز کو مانیٹرنگ کے لیے ڈیش بورڈ کی رسائی دی گئی۔ ترجمان کے مطابق صوبوں کو ڈیش بورڈ تک رسائی دینے کا مقصد کام کی تکمیل کا معائنہ، شمار کنندگان کی ٹریکنگ اور کسی قسم کی غیر معمولی صورتحال کا بروقت جائزہ لینا تھا۔ ڈیجیٹل مردم شماری کے ذریعے اکٹھے کیے گئے اعداد و شمار حکومت کو اقتصادی ترقی، عدم مساوات میں کمی، بہتر خدمات اور وسائل کی فراہمی کے لئے بنیاد فراہم کریں گے۔ مردم شماری کے ڈیٹا کی بنیاد پر فیصلہ سازی کا نظام تیار کیا جائے گا اور پلاننگ ڈیپارٹمنٹ کے متعلقہ شعبے کو اعداد و شمار کی بنیاد پر ترقیاتی منصوبوں کی جانچ پڑتال کے لئے آن لائن رسائی فراہم کی جائے گی۔ جہاں تک بلوچستان کی بات ہے تو بلوچستان کی آبادی میں پانچ سال میں 25 لاکھ 50 ہزار سے زائد نفوس کا اضافہ ہوا ہے۔ مردم شماری کے نتائج کے مطابق بلوچستان کی شرح نمو 2023 میں 3.20 ہے جبکہ یہ شرح نمو 2017 میں 3.37 تھی اس طرح بلوچستان کی شرح نمو میں اعشاریہ ایک سات کی کمی واقع ہوئی مردم شماری کے اعداد و شمار کے مطابق بلوچستان کی ستر فیصد کے قریب آبادی یعنی 69 اعشاریہ صفر چار فیصد آبادی دیہی علاقوں میں جبکہ تیس اعشاریہ نو چھ فیصد آبادی شہری علاقوں میں آباد ہے بلوچستان کی آبادی اگرچہ باقی صوبوں کی نسبت قدرے کم ہے لیکن بلوچستان کا رقبہ وسیع و عریض ہے اور وسیع و عریض رقبے پر دور دراز علاقوں میں پھیلی ہوئی انسانی آبادیوں تک وسائل اور سہولیات بہم پہنچانے کے لئے باقی صوبوں کی نسبت اضافی وسائل اور وقت درکار ہے یہی وجہ ہے کہ بلوچستان حکومت بار بار یہ نکتہ اٹھاتی رہتی ہے کہ این ایف سی ایوارڈ کے فارمولے میں بلوچستان کے رقبے، غربت اور پسماندگی کو بھی شامل حال رکھا جائے وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو، وزیر خزانہ انجینئر زمرک اچکزئی، صوبائی اور وفاقی وزراء اراکین پارلیمان بارہا کہتے آئے ہیں کہ محاصل کی تقسیم میں نہ صرف آبادی بلکہ آبادی کے ساتھ ساتھ غربت، پسماندگی اور رقبے کو بھی مدنظر رکھا جائے بلوچستان میں وسائل محدود جبکہ اس کے مقابلے میں مسائل لامحدود ہیں ہر چند کہ ان مسائل سے نمٹنے کے لئے وفاقی اور صوبائی حکومتیں حتی المقدور کام کر رہی ہیں مختلف النوع اقدامات کا سلسلہ جاری ہے تاہم ضرورت اس امر کی ہے کہ اب آبادی کے تناسب سے بلوچستان کی نشستوں، ملازمتوں میں کوٹے اور ساتھ ہی وسائل میں بھی اضافہ کیا جائے تاکہ بلوچستان میں موجود غربت و پسماندگی سے نمٹنے میں آسانی ہو اور بلوچستان کو باقی صوبوں کے برابر لایا جا سکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

DATE: 07 AUG 2023

Page No: 14


# Missing civic sense

Quetta city, once famous for its beautification, chill weather and cleanliness, but now it has become a difficult place to live. The escalating population, increasing number of vehicles, dilapidated roads and unending construction works have marred the real beauty of the Quetta city. Above all, the city now has turned to become a "garbage city". Heaps of garbage lying every nock and corner of the city makes life difficult for its residents. The city produces about more than 14,000 tonnes of garbage daily but the Quetta Metropolitan Corporation (QMC) has the resources and manpower to handle over 600 tonnes daily. Resultantly, approximately 800 tonnes of garbage is accumulated, making the historical city reek of a foul smell. Huge piles of trash can be seen in and around the city's suburban areas, including Sariab Road, Brewery Road, Satellite Town, Patel Road and Fatima Jinnah Road. Residential areas, educational institutions and the city's main intersections now resemble a garbage dump. In some areas of the city breathing becomes difficult due to the stench emanating from the waste. The stench emanating from the wastes lying on the corners of the street is impossible to tolerate. Officials of QMC said that department though making its best to remove heaps of garbage on daily basis but increasing population and throwing trash improperly double the word for QMC workers to take off garbage. Government is spending millions of rupees on buying new machinery and trucks so that the garbage are removed on daily basis. But very less is spent on creating civic sense amongst the residents as well as shopkeepers. It is very outlandish that everybody is free wherever dispose off the trashes. Even in city's most famous residential areas like Jinnah Town, Shahbaz Town and Satellite Town residents do not care nor follow the rules which doubles the miseries. Similarly, the shopkeepers never mind how to dispose off. They just throw plastics, cottons and other stuff directly to the sewerage lines. Ultimately clogged sewage lines intensify the hurdles of the people as the dirty water flowing onto the streets made it difficult for them to move. Surprisingly, same people then express anger over the administration and blame its inability. It is essential that administration must involve communities in this regard, and also put some responsibility on their shoulders in disposing off the garbage besides faxing its own weaknesses. Without cooperation and coordination of masses the administration will never be able to address cleanliness issue of the Quetta.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 07 AUG 2023 Page No: 15

## بلوچستان: کھیلوں کے میدان اور ہماری ترجیحات!!

تحریر: ظفر اللہ کاسی

کسی بھی معاشرے کے نوجوانوں کی ذہنی اور جسمانی نشوونما، صحت و تندرستی کے لئے کھیل کود کا انتہائی اہم کردار ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ جدید دنیا میں کھیلوں کے فروغ کے لئے غیر معمولی اقدامات اٹھائے جاتے ہیں وطن عزیز پاکستان میں بھی وفاقی اور صوبائی حکومتیں کھیلوں کے فروغ اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے ہر سال خطیر رقومات مختص کی جاتی ہیں یہاں ہمارے صوبے بلوچستان کی اگر بات کریں تو 9-2018 بلوچستان کی ٹوٹل بجٹ 385 ارب روپے کی بجٹ میں سے شعبہ کھیل لئے 75 کروڑ 67 لاکھ روپے مختص کئے گئے۔ پھر اسی طرح 20-2019 میں بلوچستان کی ٹوٹل بجٹ 419 ارب روپے کا پیش کیا گیا، جن میں سے کھیل کے لئے 95 کروڑ 57 لاکھ روپے مختص کئے گئے۔ اس کے بعد 21-2020 کا بجٹ بلوچستان اسمبلی میں پیش کیا گیا جس کی کل مالیت 465 ارب روپے تھی جن میں سے شعبہ کھیل کے لئے 50 . 55 کروڑ روپے رکھے گئے۔ 22-2021 میں 584.8 ارب روپے کا بجٹ رکھا گیا اور شعبہ کھیل کے لئے کم و بیش 15 ارب روپے جیسی خطیر رقم رکھی گئی۔ سال 23-2022 میں سپورٹس کے شعبے کے لئے 12 ارب روپے رکھے گئے جس کا ٹوٹل تخمینہ 612 ارب روپے رکھا گیا۔ مالی سال 24-2023 کے ٹوٹل بجٹ 750 ارب روپے رکھے گئے اور محکمہ کھیل کے لئے 6 ارب سے زائد کا بجٹ رکھا گیا۔ یعنی ان پانچ سالوں میں سابق وزیر اعلیٰ جام کمال خان اور موجودہ وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو صاحب نے کل 2019 ارب روپے کا بجٹ عوام کو دیے۔ جن میں سے کھیلوں کے لئے تقریباً 36 ارب روپوں سے زائد کا بجٹ فراہم کیا گیا۔ اس پانچ سالہ مدت میں فراہم کردہ خطیر رقم سے جو سب سے بڑا ایونٹ منعقد کیا گیا وہ تھا نیشنل گیمز جس کے لئے حکومت بلوچستان کی جانب سے 300 ملین روپے رکھے گئے تھے۔ خوش آئند بات ہے کہ بلوچستان میں 19 سال کے بعد نیشنل گیمز کروائے گئے۔ تاہم مجموعی طور پر دیکھا جائے تو بلوچستان میں کھیلوں کے فروغ اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے پہلے سے جاری اقدامات میں مزید تیزی اور وسعت لانے کی ضرورت ہے گزشتہ کچھ عرصے سے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں نوجوانوں کی جانب سے اپنی مدد آپ کے تحت کھیلوں کی سرگرمیوں کا آغاز کیا گیا۔ ضلع قلات، کیچ، پشین، سوراب اور ہرنائی میں مختلف مقامات پر 20 فٹبال میچز کا انعقاد کیا گیا، جس سے ہزاروں کی تعداد میں شائقین فٹبال نے لطف اٹھاتے ہوئے کہا کہ ایسے صحتمندانہ سرگرمیوں کا آغاز کسی بھی معاشرے کے لئے ناگزیر ہے تاکہ نوجوان طبقہ منشیات جیسی لعنت سے بھی دور رہے اور معاشرے کی تعمیر کے لئے بھی اپنا موثر کردار ادا کر سکے۔ ضلع کیچ اور سوراب میں دو مختلف کرکٹ میچز کا بھی انعقاد کیا گیا جہاں پر شائقین کرکٹ



میچز دیکھنے کے لیے دوڑتے چلے آئے اور خوب اپنی اپنی ٹیموں کو داد دیتے رہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ؟ ضلع چاغی، زیارت اور گوادر میں بھی کرکٹ میچز کا انعقاد کیا گیا، ؟ کرکٹ میچز میں 800 سے لیکر 19 سو زائد شائقین نے شرکت کی۔ سپورٹس سے ہٹ کر دیگر صحتمندانہ سرگرمیاں بھی بلوچستان کے مختلف اضلاع میں انکا انعقاد کروایا گیا، ضلع لسبیلہ میں 7 مختلف میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا، بلوچ ثقافت کے فروغ کے لئے بلوچ کلچر ڈے کا انعقاد و اہتمام مختلف اضلاع میں کیا گیا ضلع جعفرآباد میں مختلف خاندانوں میں راشن کی تقسیم کے لئے امدادی کیمپ لگایا گیا۔ سیرت النبی ﷺ کے حوالے سے تقاریب، ضلع چاغی میں کرکٹ میچ کھیلا گیا جہاں 250 سے زائد شائقین نے شرکت کی۔ اسی ضلع میں ورلڈ یوتھ سکلز ڈے کی مناسبت سے سیمنار کا انعقاد کیا گیا جس میں 35 سے زائد لوگوں نے شرکت کرتے ہوئے جوانوں کو خوب داد دی۔ یہاں ایک تقریب کا خصوصی ذکر لازمی ہے یہ تقریب ضلع واشک میں اپنی مدد آپ کے تحت مقامی لوگوں نے منعقد کی اور اس تقریب کا مقصد پاک فوج سے اظہار یکجہتی کرنا تھا اس تقریب میں تقریری مقابلے بھی رکھے گئے تھے اسی طرح ضلع واشک میں حسن قرارت کے مقابلے منعقد کرائے گئے۔ اس سے پہلے کھیلوں کے مناسبت سے بلوچستان میں پروجیکٹ پاکستان کے تحت صوبے کے مختلف علاقوں میں کرکٹ، فٹ بال اور کبڈی کے میچز کا اہتمام کیا گیا جس سے نوجوانوں کو بڑی تعداد میں شائقین کے سامنے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کرنے کا موقع ملا۔ یہ صحت مند تفریحی سرگرمیاں پیغام پاکستان / منزل بلوچستان اقدام کا حصہ ہیں۔ کیچ، چاغی، بارکھان، سوئی خیل، بی بی اور ہرنائی سمیت مختلف شہروں میں مجموعی طور پر 39 کرکٹ میچز کا انعقاد کیا گیا جس سے کھیلوں کے شائقین کو تفریح اور دلچسپ مقابلے دیکھنے کے مواقع ملے۔ ضلع پنجگور، ہرنائی، بلوشکی اور درکی میں فٹ بال کے 23 میچز کا انعقاد ہوا، فٹ بال میچز میں پرجوش شائقین نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی، بی بی میں ایک کبڈی میچ کا کھیلا گیا جس میں شائقین نے نوجوان ٹیلنٹ کی بھرپور حوصلہ افزائی کی اور ان کی صحت مند سرگرمیوں میں شمولیت کو سراہا۔ یہ وہ تقاریب ہیں جن کا ہم نے یونہی برسبیل تذکرہ ذکر کیا وگرنہ ان تقاریب کا محض ذکر بھی کرنے بیٹھیں تو جگہ اور وقت کی کمی کا مسئلہ آڑے آئے سپورٹس کو جتنا پروان چڑھایا جائیگا اتنا ہی نوجوانوں کی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا نوجوانوں کو کھیل کی طرف راغب کرنے سے ہی بلوچستان میں بے کس پسماندگی کا خاتمہ ہوگا۔ حکومت کی جانب سے اگرچہ کہ کھیل کے لئے خاطر خواہ اقدامات نہیں اٹھائے جا رہے مگر زندہ دلان بلوچستان اپنی مدد آپ کے تحت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں کھیلوں کی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں کیونکہ اب شاید یہ طبقہ سمجھ چکا ہے کہ ہمیں اور ہمارے لئے کھیل کے شعبے کو فراموش تو کیا جاسکتا ہے مگر ہم اقبال رح کے خودی کے فلسفے پر کاربند ہوتے ہوئے خود ہی کھیلوں کا انعقاد کرینگے اور اس پسے ہوئے معاشرے میں لوگوں کو اپنے کھیل سے لطف اندوز کروا کر یہاں سے مایوسیوں کا خاتمہ کرینگے۔ اس لئے ایسے نوجوانوں کی ہر طرح سے حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے تاکہ بلوچستان میں نوجوان سامنے آ کر صوبے کے معاملات بطریق احسن سرانجام دے سکے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Tribune Express Karachi

Bullet No. 7 DATE: 05 AUG 2023 Page No: 17

# Balochistan police martyrs honoured

## Governor Kakar commends force's role in upholding peace

QUETTA

Governor of Balochistan, Malik Abdul Wali Kakar, paid tribute to the exemplary sacrifices of Balochistan police officers during a ceremony held at the Central Police Office in Quetta on Youm-e-Shuhada-e-Police (Martyrdom Day of Police).

In his address, Governor Kakar praised the outstanding role played by the police, Pak Army, Frontier Corps, Levies, and other law enforcement agencies in maintaining peace and security in the province. He commended the Balochistan police for their dedication in countering elements hostile to the country and their relentless efforts in eliminating terrorism and other crimes.

The Governor emphasized that the hundreds of Balochistan police martyrs who laid down their lives to uphold peace and protect the lives and property of citizens are the true heroes of the nation, and their sacrifices will never be forgotten.

Speaking at the event, Additional Inspector General (IG) Police, Jawad Ahmad Dogar, acknowledged the bravery of more than 1,000 Balochistan Police personnel who sacrificed their lives in the fight against criminal elements and for the establishment of law and order. He highlighted that the sacrifices made by these martyrs have secured a safer tomorrow for the country by giving up their today.

Expressing gratitude, Jawad Ahmad Dogar mentioned that the welfare of the families of these martyrs remains a top priority for the Balochistan Police. He also appreciated the Balochistan government for increasing the Shuhada Package, which provides support to the families of fallen officers.

The ceremony was attended by dignitaries, including former Senator Roshan Khursheed Bharucha. APP

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 07 AUG 2023 Page No:________



گورنر ملک عبدالولی کاکڑ صوبائی محتسب کے پی آر او ریاض الدین بنگلزئی کو شیلڈ دے رہے ہیں




گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ صوبائی محتسب سیکرٹریٹ کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر آفتاب احمد کو اچھی کارکردگی پر شیلڈ دے رہے ہیں



گورنر بلوچستان کو وفاقی محتسب انشورنس ریجنل ہیڈ میر حفیظ الرحمن سالانہ کارکردگی کی رپورٹ پیش کر رہے ہیں

Balochistan Time Quetta



QUETTA: Governor Balochistan Abdul Wali Kakar presents shield to PRO Provincial Ombudsman Riazuddin Bangulzai on best performance on Sunday.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 07 AUG 2023 Page No: ________



کوئٹہ صوبائی وزیر انجینئر زمرک اچکزئی یونیورسٹیز فنانس کمیشن کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



صوبائی وزیر زراعت میر اسد اللہ بلوچ پریس کانفرنس کررہے ہیں



صوبائی وزیر عبدالخالق ہزارہ خارتار علمدار روڈ پر آرٹ اور کلچرل سینٹر کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں